No. of Printed Pages : 3

**OUL-001**

00273

# CERTIFICATE IN URDU LANGUAGE

## Term-End Examination

## December, 2012

## Course Code : OUL-001

*Time : 3 hours* *Maximum Marks : 100*

---

نوٹ: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔

---

1. درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ **10**

(a) اردو رسمِ خط میں شامل فارسی اور عربی کی وہ کون سی آوازیں ہیں جو ہندی رسم خط میں نہیں؟

(b) اردو کس رسم خط میں لکھی جاتی ہے؟

(c) اردو حروف 'ا' کا دیوناگری روپ لکھیے۔

(d) حرف 'غ' اور 'گ' کی آوازوں کا فرق واضح کرنے والے دونوں حروف سے متعلق دو، دو لفظ لکھیے۔

(e) کورس کی کتاب کی اکائی '1' میں کون سے حروف شامل کیے گئے ہیں؟

2. نیچے دیئے گئے حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیے۔ 10

(a) ا +گ+ر= (b) ب+ ے +ل=

(c) ا+س+ت+ا+د= (d) ت+ر+ا+ز+و=

(e) گ+ر+م+ی =

3. نیچے دیئے ہوئے جملوں میں رموز واوقاف لگائیے: 10

(a) کیا تم اسکول جاؤ گے (b) تم نے کھانا کیوں نہیں کھایا

(c) ارے یہ تم کیا کر رہے ہو (d) اف بڑی گرمی ہے

(e) آہا کیا اچھی مٹھائی ہے

4. نیچے دیئے گئے الفاظ کی ہجے درست کیجئے: 10

گرور، سام، ساعر، گالب، جوردار، کھرگوس، سیتان، طرّگی، لفج، کھوب

5. نیچے لکھئے ہوئے جملوں کو دیوناگری رسم خط میں لکھئے۔ 10

غالبؔ اردو کے بڑے شاعر ہیں۔

دہلی ہندوستان کی راجدھانی ہے۔

تاج محل آگرہ میں ہے۔

اردو زبان ہند آریائی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

تعلیم جینے کا سلیقہ سکھاتی ہے۔

6. نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو اردو رسم خط میں لکھیے۔ 10

टोपी, चारपाई, बाज़ार, रुमाल, चाय, पापा, बादाम, पानी, दीवाली, बीमारी, घर।

7. نیچے دیئے گئے جملوں میں شامل غلط الفاظ کی ہجے درست کیجئے۔ 10

(a) موحن کا مکان دوسری منجل پر ہے۔

(b) ہمیں گریبوں کی مدد کرنا چاہئے۔

(c) آج جوردار بارس ہو رہی ہے۔

(d) آج ہی کے دن ہمیں آجادی ملی تھی۔

(e) یہ لڑکا بحت سریر ہے۔

8 دیئے گئے ایک موضوع پر مختصر مضمون لکھیے: 10

(a) ہماری گائے (b) میرا وطن

(c) کھیل کود (d) پیڑوں کے فائدے

9. 'ڈ' اور 'ز' گروپ کے حروف لکھیے۔ 10

10. نیچے لکھے ہوئے الفاظ کے معنی لکھیے: 10

اوج = آلا = آب =

بام = خال = خار =